# 05-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں:

۱۔وزیر اعلی ریونت ریڈی نے خواتین اورلڑکیوں کے خلاف جرائم کی روک تھام کو روکنے اور متاثرین کو قانونی تحفظ فراہم کرنے پر زور دیا۔

۲۔ریاستی وزیر صحت دامودر راج نرسمہا نے آج ہدایت دی کہ ریاست میں تمام سرکاری دواخانوں میں مکمل طبی سہولیات کا آغاز افتتاح کے دن سے ہی ہونا چاہئے۔

۳۔ بی جے پی کے نئے صدر رام چندر راؤ نے کہا کہ ان کی اولین ترجیحات میں آئندہ مقامی بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کی زیادہ سے زیادہ نشستوں پر کامیابی اور گاؤں کی سطح پر پارٹی کو مضبوط بنایا شاملہے۔

۴۔تلنگانہ کے چندعلاقوں میں آج اورکل ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔

## PROTECT CHILDREN

وزیر اعلی ریونت ریڈی نے خواتین اور لڑکیوں کو جنسی ہراسانی سے بچانے کی ضرورت پر زور دیا۔انھوں نے تلنگانہ پولیس اور دیگر منتظمین کی ستائش کی جنہوں نے حیدرآباد میں ''وائس فار دی وائس لیس'' کے عنوان سے ریاستی سطح کے شعور بیداری اجلاس کا اہتمام کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے کہا کہ خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم کی روک تھام اور متاثرین کو قانونی تحفظ فراہم کرنا ضروری ہے۔انھوں نے کہا کہ کانگریس حکومت خواتین اور بچوں کی حفاظت کے لئے پر عزم ہے۔انھوں نے اس بات پر زور دیا کہ بچوں کے تحفظ کے لیے ’بھروسہ پراجکٹ‘ شروع کیا گیا تھا اور 29 مراکز اس منصوبے پر عمل درآمد کے لئے باہمی رابطے کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ یہ مراکز قانونی، طبی امداد فراہم کریں گے اور متاثرہ بچوں کی کونسلنگ بھی کریں گے۔انھوں نے بتایا کہ تلنگانہ ملک کی پہلی ریاست ہے جہاں بچوں کے لئے دوستانہ عدالتیں قائم کی گئی ہیں تاکہ ’بھروسہ‘ اسکیم پر عمل ہو سکے۔انھوں نے مزید کہا کہ پوکسو قانون اور نابالغوں سے متعلق قوانین حکومت کی ترقیاتی پالیسیوں میں معاون ثابت ہو رہے ہیں۔

SOUND BYTE

PASHAMYLARAM

سنگاریڈی ضلع کے سگاچی انڈسٹریز کے فارما پلانٹ میں دھماکہ کے بعد ہلاکتوں کی تعداد 40 تک جا پہنچی، جب کہ ایک اور شخص، جو اسپتال میں زیر علاج تھا، چل بسا۔ حکام کے مطابق اتر پردیش سے تعلق رکھنے والا 48 سالہ شخص اسپتال میں زخموں سے جانبر نہ ہوسکا۔ آج تک 19 افراد مختلف اسپتالوں میں زیر علاج ہیں۔ سنگاریڈی ضلع کے ایڈیشنل کلکٹر چندر شیکھر نے بتایا کہ دھماکہ کے بعد لاپتہ افراد کی تلاش کے لئے کوششیں جاری ہیں۔ مرنے والوں کی شناخت اور ان کی لاشوں کو ورثاء تک پہنچانے کا عمل جاری ہے۔

BJP

بی جے پی کے نئے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ پارٹی ان تمام افراد کے ساتھ کھڑی ہے جو اس پر یقین رکھتے ہیں اور وہ خود اس کی ایک مثال ہیں۔ انہوں نے وضاحت کی کہ اگر کسی کو بی جے پی کی پالیسیوں اور فیصلوں سے اختلاف ہے تو پارٹی چھوڑنے میں کوئی برائی نہیں۔ رام چندر راؤ نے آج بی جے پی تلنگانہ کے ریاستی صدر کے عہدہ کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر مرکزی وزیر کشن ریڈی، رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا اور دیگر سینئر قائدین موجود تھے۔ اس سے پہلے انہوں نے چارمینار کی بھاگیہ لکشمی مندر میں پوجا کی۔ بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پارٹی میں ہر کوئی ایک ہے اور کسی بھی رکن کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے۔ رام چندر راؤ نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی کو پسماندہ طبقات سے کوئی ہمدردی نہیں ہے۔

BRS:

بھارت راشٹر سمیتی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے 'سمویدھان تقاریب' کے عوامی جلسہ میں پانی کی تقسیم اور تلنگانہ کے ساتھ ناانصافیوں سے متعلق مباحثہ کے چیلنج کو قبول کرلیا ہے۔ آج حیدرآباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے تارک راما راؤ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی آئندہ 72 گھنٹوں میں بحث کی جگہ منتخب کرسکتے ہیں یا وہ اپنے سینئر ساتھی کو بھیج سکتے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بحث کی تیاری اچھی طرح کی جائے کیونکہ پانی کی تقسیم سے متعلق مسائل کانگریس لیڈروں کے لیے سمجھنا مشکل ہے، جبکہ بی آر ایس قائدین ان تمام مسائل سے ریاست کی تحریک کے دوران گزر چکے ہیں۔

BIS - HELMETI

محکمہ صارفین اموراور بیوروآف انڈین اسٹینڈرڈز نے عوام سے اپیل کی ہے کہ ملک بھرمیں صرف بی آئی ایس تصدیق شدہ ہیلمٹ استعمال کئے جائیں۔محکمہ نے ایسے تمام ہیلمٹ کی فروخت یا تیاری پرسخت پابندی لگانے کا مطالبہ کیاہےجن کے پاس بی آئی ایس کی سند موجودنہیں ہے۔اپنے بیان میں محکمہ نے بتایا کہ بی آئی ایس نے اس سلسلہ میں 30 سے زائد دھاوے کئےاور بی آئی ایس کے معیار کے غلط استعمال پرضبطی کی کارروائیاں کیں۔محکمہ کے مطابق جون 2025 تک ملک بھرمیں 176 مینوفیکچررزکوبی آئی ایس کے لائسنس کے ساتھ ہیلمٹ بنانے کی اجازت دی گئی ہے۔محکمہ نے یہ بھی پایاکہ کئی ہیلمٹ جوسڑک کنارے فروخت کئے جاتے ہیں ان کے پاس بی آئی ایس کی لازمی تصدیق نہیں ہوتی، جوصارفین کیلئے سنگین خطرات اورحادثات کا سبب بنتے ہیں۔

HEALTH

ریاستی وزیرصحت دامودرراج نرسمہانے آج ہدایت دی کہ ریاست میں تمام سرکاری دواخانوں بشمول حیدرآباداور ورنگل کے بڑے ہاسپٹلس میں مکمل طبی سہولیات کا آغازافتتاح کے دن سے ہی ہونا چاہئے۔یہ اجلاس حیدرآباد میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کےاعلان کے کچھ دن بعدمنعقدہواجس میں بتایا گیاکہ ٹمس کیمپس صنعت نگر،الوال اورایل بی نگر، حیدرآبادمیں، ایک ملٹی اسپشالٹی اسپتال ورنگل اورنمس کی توسیع کا کام سال 2025 کےآخرتک مکمل کرلیاجائےگا۔محکمہ صحت، عمارات وشوارع کےعہدیداروں سے خطاب کرتے ہوئے وزیرصحت نے زوردیا کہ افتتاح کے بعدسہولیات کی فراہمی میں کوئی تاخیرقابل قبول نہیں ہوگی۔وزیرنے کہا کہ افتتاح اورسہولت کی فراہمی کے درمیان کوئی خلانہیں ہوناچاہئے۔

ADD BJP

بعدازاں میڈیاسے بات کرتے ہوئے، رام چندرراؤنے کہاکہ ان کی اولین ترجیحات میں آئندہ مقامی بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کی زیادہ سے زیادہ نشستوں پرکامیابی اورگاؤں کی سطح پرپارٹی کومضبوط بنایاان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ 2023 کےاسمبلی انتخابات میں کانگریس حکومت نے جووعدے کئے تھےان میں سے ایک بھی مکمل نہیں کیا گیا۔

POSTAL:

جی ایچ ایم سی کمشنر نے اپنے حکم نامے میں کہا ہے کہ جی ایچ ایم سی حدود میں ریسیڈنٹ ویلفیر اسوسی ایشنس ڈاکیہ کو بلا روک ٹوک داخلہ کی اجازت دیں اور انہیں بغیر کسی امتیاز کے لفٹ کے استعمال کی اجازت دی جائے۔انہوں نے کہا کہ ان تنظیموں کو ڈاک پہنچانے والی گاڑیوں کیلئے محفوظ اور مخصوص پارکنگ مہیا کرنی چاہئے اور Post Office Act 2023 کے تحت منظور شدہ لیٹر بکس نصب اور ان کی دیکھ بھال کرنی چاہیے۔یہ حکم جی ایچ ایم سی کے ڈپٹی کمشنروں کو جاری کیا گیا، کیونکہ عملہ ڈاک، پاسپورٹس، ڈرائیونگ لائسنس، آدھار کارڈس، ای کامرس اشیاء اور دیگر خطوط کی ترسیل میں دقت محسوس کررہا تھا۔خصوصاً ریسڈنٹ ویلفیر اسوسی ایشنس، گیٹڈ کمیونٹیز اور بلند عمارتوں میں مشکلات اور عوامی شکایات سامنے آرہی تھیں۔

WEATHER

تلنگانہ کے چند علاقوں میں آج اور کل ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔بعض علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بجلی گرنے کا بھی امکان ہے۔اس سلسلہ میں ایلو الرٹ جاری کردیا گیا ہے۔ ریاست کے تمام اضلاع میں بعض مقامات پر تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔حیدرآباد شہر کے بعض علاقوں میں ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ تیز ہواؤں کا امکان ہے۔

KCR

سابق وزیراعلیٰ اور بھارت راشٹر سمیتی کے صدر کے چندر شیکھر راؤ کو آج صبح حیدرآباد کے سوماجی گوڑہ میں واقع یشودھا اسپتال سے ڈسچارج کردیا گیا۔وہ دو دن قبل طبی شکایات کے باعث اسپتال میں انہیں شریک کیا گیا تھا۔ 71 سالہ قائد کو 3 جولائی کو اسپتال میں شریک کیا گیا تھا، کیونکہ انہیں کمزوری محسوس ہوئی۔ان کا علاج سوڈیم کی کمی کو درست کرنے، شوگر لیول کو مستحکم کرنے کیلئے شروع کیا گیا تھا۔بی آر ایس پارٹی کی جانب سے جاری کردہ ویڈیو میں چندر شیکھر راؤ کو اسپتال کے کمرے میں پارٹی قائدین کے ساتھ میٹنگ کرتے دکھایا گیا ہے، جہاں انہیں ریاست کی موجودہ سیاسی صورتحال پر بریفنگ دی گئی۔

○○